DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 378

DATED. 27-04-2026.

**SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

***for (Director General)***

***The Press Secretary to***
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 27.04.2026

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | حکومت بچوں کو جدید علم سکھانے کیلئے ہرممکن تعاون جاری رکھے گی، وزیراعلیٰ کا میر اعجاز خان جکھرانی سے اظہارغم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | ملکی استحکام کیلئے علماء مدارس کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، محمد خان لہڑی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | کامیاب آپریشنز کے ذریعے حالات بہتر بنانے کی کوششیں جاری ہیں، صادق عمرانی | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | پیپلزپارٹی عالمی سطح پر بھی فعال کردار ادا رہی ہے، علی حسن زہری | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | معصوم بچے کو نشانہ بنانا خلاف روایات، حکومت مظلوم کیساتھ کھڑی ہے، ضیاء لانگو | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | انتظامیہ عوامی مسائل حل کرنے کیلئے ہرممکن اقدامات کرے، نور محمد دمڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | حکومت نے گوادر، گبد، ریمدان کوریڈور کی باقاعدہ منظوری دے دی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | حکومت ملک کی سیکورٹی مستحکم بنانے کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے، سیدال ناصر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | قلعہ سیف اللہ میں 13 ایکڑ پر کاشت پوست کی فصل تلف کردی گئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | CSA میں تاریخ رقم بلوچستان سے افسر سالار بلوچ نے صدارتی گولڈ میڈل جیت لیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | عدالت عالیہ نے رواں مالی سال کے فنڈز محفوظ رکھنے کی ہدایت کردی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | لیگل پریکٹیشنرز اینڈ بارکونسل ایکٹ 1973 کیس کی سماعت پانچ رکنی بینچ کے سپرد | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | طالبات رجیم نے افغان معاشرے کو گھٹن زدہ بنادیا ہے، ایمنسٹی انٹرنیشنل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | کروڑوں روپے کی بے قاعدگی، کسٹمز انفوسمنٹ کوئٹہ کے افسران کے گرد گھیرا تنگ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | پولیو مہم بلوچستان میں 26 لاکھ 21 ہزار بچوں کو ویکسین دی گئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | سرکاری محکموں میں حاضری یقینی بنائے گی، نگرانی اسپشل برانچ کے سپرد | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | سرکاری بس کا معاملہ پرنسپل گرلز کالج بارکھان معطل | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

کوئٹہ چرس برآمد ملزم گرفتار، کوئٹہ جوئے کے اڈے کے چھاپے 12 قمار بازر افراد گرفتار، دالبندین مسلح افراد نے ریسٹ ہاؤس اور تھانہ کو آگ لگادی، لورالائی پولیس نے کالعدم تنظیم کے دو سہولت کار گرفتار کرلئے۔

## مسائل :

مشرقی بائی پاس میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ جاری صارفین پریشان، خضدار سبزی منڈی سے زیرو پوائنٹ تک شمسی اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب کا مطالبہ، کوہلو مچھروں کی بہتات سے ملیریا کی وباء پھیلنے کا خدشہ، پنجگور شدید گرمی میں طویل لوڈشیڈنگ معمولات زندگی متاثر عوام بلبلا اٹھے، تربت سے رات کے اوقات میں سفری پابندی ختم کرنے کا مطالبہ، کوئٹہ اسٹیوٹ روڈ روڈ بلوچ کالونی میں صفائی کی ناگفتہ بہ صورتحال، کلی گل محمد میں تعمیر پارک تباہی سے دوچار حکام توجہ دیں، اہل علاقہ

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 27.04.2026

**اداریہ :**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**بلوچستان میں امن استحکام اورہمہ جہت ترقی کے فروغ کیلئے گرینڈ جرگہ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ گذشتہ روز گوادر میں بلوچستان میں امن واستحکام اور ہمہ جہت ترقی کے فروغ کے حوالے سے گرینڈ جرگہ منعقد ہوا جس میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی، کور کمانڈر کوئٹہ اور جی او سی گوادر نے شرکت کی جرگہ میں قبائلی عمائدین، منتخب نمائندگان، ضلعی انتظامیہ، سیکورٹی اداروں، تاجر برادری، ماہی گیر نمائندوں اور سول سوسائٹی کے افراد کی بڑی تعداد شریک ہوئے جہاں بلوچستان کی مجموعی صورتحال خصوصا مکران ڈویژن اور گوادر کی ترقی سے متعلق اہم نکات زیر بحث آئے جرگے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ حکومت بلوچستان صوبے کے ہر ضلع میں ترقیاتی کے عمل کو تیز کر رہی ہے اور گوادر کو خصوصی حیثیت دی جا رہی ہے انہوں نے کہا ہے کہ بلوچ نوجوانوں کو لا حاصل جنگ میں دھکیلا گیا جس سے انہیں دور رکھنے کیلئے تعلیم اور مثبت سرگرمیوں کو فروغ دینا ناگزیر ہے انہوں نے گوادر پورٹ کی کامیابی کیلئے سیکورٹی فورسز اور عوام کے باہمی تعاون کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ گوادر میں جاری منصوبے جن میں سڑکوں کی تعمیر، پانی کی فراہمی، تعلیم اور صحت کے منصوبے شامل ہیں عوامی فلاح و بہبود کیلئے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں،

**اداریے :**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**غذائی نظام کے قیام میں ویٹرنری ماہرین کی خدمات اہمیت کی حامل ہیں** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Reconciliation over confrontation" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**علم کی روشنی بلوچستان میں کتاب گاڑی اور سائنس کی سواری کا سفر**" کے عنوان سے رخشندہ صباء نے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان


Bullet No. 1

Page No. 1


THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 55 | پیر 9 ذیقعد 1447ھ 27 اپریل 2026ء | نمبر 115


## حکومت بچوں کو جدید علوم سکھانے کیلئے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی، سرفراز بگٹی

### "کتاب گاڑی" اور "سائنس کی سواری" علم کی شمعیں روشن کرنے کا منفرد اقدام تعلیم کی روشنی قریہ قریہ پہنچنے لگی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں "کتاب گاڑی" اور "سائنس کی سواری" کے ذریعے علم کی شمعیں روشن کرنے کا منفرد اقدام، قریہ قریہ بچوں تک تعلیم کی روشنی پہنچنے لگی۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان میں "کتاب گاڑی" اور "سائنس کی سواری" امید کی نئی کرن بن کر سامنے آئی ہے جس نے بچوں کی تعلیم سے وابستگی میں اضافہ کردیا ہے موبائل اسکولز کے طور پر شروع ہونے والا منصوبہ چلتی پھرتی لائبریری درس وتدریس اور جدید "سائنس کی سواری" میں تبدیل ہوگیا ہے۔ موبائل سائنس لیب تعلیمی سہولیات سے محروم علاقوں میں سائنسی سوچ، تجسس اور سیکھنے کے جذبے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرنے لگے ہیں۔ اس حوالے سے ایک بیان میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا کہنا ہے کہ ایسے تخلیقی اور باہمت اقدامات بلوچستان کے روشن اور تعلیم یافتہ مستقبل کی مضبوط ضمانت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تعلیم کے فروغ اور بچوں کو جدید علوم سیکھنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی، یہ اقدام اسکولوں میں بچوں کے داخلے کی مہم کو بھی موثر انداز میں تقویت دے رہا ہے۔

## وزیر اعلیٰ کا میر اعجاز خان جکھرانی سے اظہار غم

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رکن قومی اسمبلی میر اعجاز خان جکھرانی کے فرزند، میر زید خان جکھرانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یہ ایک نہایت افسوسناک سانحہ ہے اور وہ غم کی اس گھڑی میں سوگوار خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔


CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: سید ممتاز احمد

| | | | |
|---|---|---|---|
| جلد 54 | پیر 09 ذی القعدہ 1447ھ 27 اپریل 2026ء صفحات 08 | شمارہ 292 | |
| رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے |

# بچوں کو جدید علوم سیکھنے کے بھرپور مواقع فراہم کرینگے، وزیراعلیٰ

## کتاب گاڑی اور سائنس کی سواری جیسے تخلیقی اور باہمت اقدامات بلوچستان کے روشن اور تعلیم یافتہ مستقبل کے ضامن ہیں

**صوبے کے 14 اضلاع میں کتاب گاڑی کے منصوبے مکمل فعال اور بچوں کو تعلیم کی جانب راغب کر رہا ہے، میر سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے دور افتادہ اور تعلیمی سہولیات سے محروم علاقوں میں کتاب گاڑی اور سائنس کی سواری کے ذریعے علم کی شمعیں روشن کرنے کا ایک منفرد اور مؤثر اقدام جاری ہے جس کے تحت قریہ قریہ بچوں تک تعلیم کی روشنی پہنچائی جا رہی ہے کتاب گاڑی اور سائنس کی سواری امید کی نئی کرن بن کر سامنے آئی ہیں، جس کے باعث بچوں کی تعلیم سے وابستگی میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

یہ منصوبہ ابتدا میں موبائل اسکولز کے طور پر شروع کیا گیا تھا، جواب چلتی پھرتی لائبریری، درس و تدریس کے مراکز اور جدید "سائنس کی سواری" میں تبدیل ہو چکا ہے موبائل سائنس لیب بالخصوص ان علاقوں میں جہاں تعلیمی سہولیات محدود ہیں، سائنسی سوچ، تجسس اور سیکھنے کے جذبے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے اعداد و شمار کے مطابق اس وقت صوبے کے 14 اضلاع میں "کتاب گاڑی" کے منصوبے فعال ہیں جن میں ژوب، قلعہ سیف اللہ، لورالائی، پشین، چمن، کوئٹہ، لسبیلہ، حب، گوادر، جعفرآباد، کچھی، کیچ، جھل مگسی اور نوشکی شامل ہیں۔ جبکہ "سائنس کی سواری" فی الوقت ضلع جعفرآباد میں کامیابی سے کام کر رہی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے تخلیقی اور باہمت اقدامات بلوچستان کے روشن اور تعلیم یافتہ مستقبل کی مضبوط ضمانت ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت تعلیم کے فروغ اور بچوں کو جدید علوم سیکھنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس بات پر بھی اطمینان کا اظہار کیا کہ یہ اقدام اسکولوں میں بچوں کے داخلے کی مہم کو مؤثر انداز میں تقویت دے رہا ہے اور زیادہ سے زیادہ بچوں کو تعلیم کی طرف راغب کر رہا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 24 شمارہ 134 | پیر 9 ذیقعد 27 اپریل 2026ء، صفحات 6 قیمت 40 روپے

# کتاب گاڑی جیسے اقدامات روشن و تعلیم یافتہ مستقبل کی ضمانت ہیں، وزیراعلیٰ

## حکومت تعلیم کے فروغ اور بچوں کو جدید علوم سیکھنے کے مواقع فراہم کرنے کیلئے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (ع ن) بلوچستان کے دور افتادہ اور تعلیمی سہولیات سے محروم علاقوں میں ''کتاب گاڑی'' اور ''سائنس کی سواری'' کے ذریعے علم کی شمعیں روشن کرنے کا ایک منفرد اور موثر اقدام جاری ہے جس کے تحت قریہ قریہ بچوں تک تعلیم کی روشنی پہنچائی جارہی ہے ''کتاب گاڑی'' اور ''سائنس کی سواری'' امید کی نئی کرن بن کر سامنے آئی ہیں، جن کے باعث بچوں کی تعلیم سے وابستگی میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ یہ منصوبہ ابتدا میں موبائل اسکولز کے طور پر شروع کیا گیا تھا، جو اب چلتی پھرتی لائبریری، درس و تدریس کے مراکز اور جدید ''سائنس کی سواری (باقی صفحہ 5 نمبر 7)

''میں تبدیل ہو چکا ہے موبائل سائنس لیب بالخصوص ان علاقوں میں جہاں تعلیمی سہولیات محدود ہیں، سائنسی سوچ، تجسس اور سیکھنے کے جذبے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے اعداد و شمار کے مطابق اس وقت صوبے کے 14 اضلاع میں ''کتاب گاڑی'' کے منصوبے فعال ہیں جن میں ژوب، قلعہ سیف اللہ، لورالائی، پشین، چمن، کوئٹہ، لسبیلہ، حب، گوادر، جعفرآباد، کچھی، کیچ، پنجگور، کیسی اور واشک شامل ہیں۔ جبکہ ''سائنس کی سواری'' فی الوقت ضلع جعفرآباد میں کامیابی سے کام کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے تخلیقی اور بامقصد اقدامات بلوچستان کے روشن اور تعلیم یافتہ مستقبل کی مضبوط ضمانت ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت تعلیم کے فروغ اور بچوں کو جدید علوم سیکھنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس بات پر بھی اطمینان کا اظہار کیا کہ یہ اقدام اسکولوں میں بچوں کے داخلے کی مہم کو موثر انداز میں تقویت دے رہا ہے اور زیادہ سے زیادہ بچوں کو تعلیم کی طرف راغب کر رہا ہے۔

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

قیمت 40 روپے ★ صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32034518

جلد نمبر 38 | اتوار 26 اپریل 2026ء بمطابق 08 ذوالقعدہ 1447ھ | شمارہ نمبر 114

ملیریا کا خاتمہ اجتماعی کوششیں ناگزیر

# بلوچستان کے ہر شہری کی صحت کا تحفظ حکومتی ترجیح ہے

سرفراز بگٹی

محفوظ غذائی نظام کا قیام، ویٹرنری ماہرین کی خدمات اہمیت کی حامل، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے لائیو اسٹاک فارمز کو جدید خطوط پر استوار کیا جائیگا

صحت مند معاشرے کی تشکیل کیلئے حکومت اور عوام کو ملکر موثر اقدامات اٹھانا ہونگے، وزیر اعلیٰ ویٹرنری اور انسداد ملیریا کے عالمی دن کے موقع پر پیغام

کوئٹہ (پ ر) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ورلڈ ویٹرنری ڈے کے موقع پر ویٹرنری ماہرین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ویٹرنری شعبہ انسانی و حیوانی صحت کے باہمی ربط کو مضبوط بنانے میں بنیادی کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت عامہ کے فروغ اور محفوظ غذائی نظام کے قیام میں ویٹرنری ماہرین کی خدمات نہایت اہمیت کی حامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں لائیو اسٹاک کے شعبے کو مضبوط بنا کر ویکسین کی مقامی تیاری

بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر

[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 30 پیر 27 اپریل 2026ء بمطابق 09 ذوالقعدہ 1447ھ قیمت 20 روپے شمارہ 116

## میر سرفراز بگٹی

# تخلیقی اور باہمت اقدامات بلوچستان کے روشن اور تعلیم یافتہ مستقبل کی ضمانت ہیں

حکومت تعلیم کے فروغ اور بچوں کو جدید علوم سیکھنے کے مواقع فراہم کرنے کیلئے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی، یہ اقدام سکولوں میں بچوں کے داخلے کی مہم کو بھی موثر انداز میں تقویت دے رہا ہے

**کتاب گاڑی "اور "سائنس کی سواری "امید کی نئی کرن بن کر سامنے آئی جس سے بچوں کی تعلیم سے وابستگی میں اضافہ ہوا، وزیراعلیٰ کا ایکس پر پیغام**

کوئٹہ (خ ن + آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں "کتاب گاڑی" اور "سائنس کی سواری" کے ذریعے علم کی شمعیں روشن کرنے کا اقدام خوش آئند ہے۔ سرفراز بگٹی نے ایکس پر اپنے پیغام میں لکھا کہ کتاب گاڑی "اور "سائنس کی سواری "امید کی نئی کرن بن کر سامنے آئی جس سے بچوں کی تعلیم سے وابستگی میں اضافہ ہوا، موبائل سکولز کے طور پر شروع ہونے والا منصوبہ چلتی پھرتی لائبریری درس و تدریس اور جدید سائنس کی سواری میں تبدیل ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موبائل سائنس لیب تعلیمی سہولیات سے محروم علاقوں میں سائنسی سوچ، تجسس اور سیکھنے کے جذبے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ ایسے تخلیقی اور باہمت اقدامات بلوچستان کے روشن اور تعلیم یافتہ مستقبل کی مضبوط ضمانت ہیں۔ سرفراز بگٹی نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت تعلیم کے فروغ اور بچوں کو جدید علوم سیکھنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ یہ اقدام سکولوں میں بچوں کے داخلے کی مہم کو بھی موثر انداز میں تقویت دے رہا ہے۔

## وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کا میر اعجاز خان جھکرانی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رکن قومی اسمبلی میر اعجاز خان جکھرانی کے فرزند، میر زید خان جکھرانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یہ ایک نہایت افسوسناک سانحہ ہے اور وہ غم کی اس گھڑی میں سوگوار خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔

روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالکریم
بیاد جمیل الرحمٰن
بیاد برکت علی

چیف ایڈیٹر۔ محمد زبیر خان

جلد 77 | پیر 27 اپریل 2026ء 09 ذوالقعد 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 234


# حکومت تعلیم کے فروغ کیلئے تعاون جاری رکھے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان کے دورافتادہ علاقوں میں "کتاب گاڑی" اور "سائنس کی سواری" کے ذریعے علم کی شمعیں روشن کرنے کا اقدام خوش آئند ہے

یہ اقدام سکولوں میں بچوں کے داخلے کی مہم کو بھی موثر انداز میں تقویت دے رہا ہے، سرفراز بگٹی کا ایکس پر اپنے پیغام میں اظہار خیال

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے دورافتادہ علاقوں میں "کتاب گاڑی" اور "سائنس کی سواری" کے ذریعے علم کی شمعیں روشن کرنے کا اقدام خوش آئند ہے۔ سرفراز بگٹی نے ایکس پر اپنے پیغام میں لکھا کہ کتاب گاڑی" اور "سائنس کی سواری" امید کی نئی کرن بن کر سامنے آئی جس سے بچوں کی تعلیم سے وابستگی میں اضافہ ہوا، موبائل سکولز کے طور پر شروع ہونے والا (بقیہ 5 صفحہ 2 پر)

منصوبہ چلتی پھرتی لائبریری درس و تدریس اور جدید سائنس کی سواری میں تبدیل ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موبائل سائنس لیب تعلیمی سہولیات سے محروم علاقوں میں سائنسی سوچ، تجسس اور سیکھنے کے جذبے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرنے لگی ہے، ایسے تخلیقی اور بامعت اقدامات بلوچستان کے روشن اور تعلیم یافتہ مستقبل کی مضبوط ضمانت ہیں۔ سرفراز بگٹی نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت تعلیم کے فروغ اور بچوں کو جدید علوم سیکھنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی، یہ اقدام سکولوں میں بچوں کے داخلے کی مہم کو بھی موثر انداز میں تقویت دے رہا ہے۔

## وزیراعلیٰ بلوچستان کا رکن قومی اسمبلی میر اعجاز خان جکھرانی کے فرزند کے انتقال پر افسوس کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رکن قومی اسمبلی میر اعجاز خان جکھرانی کے فرزند میر زید خان جکھرانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یہ ایک نہایت افسوسناک سانحہ ہے اور وہ غم کی اس گھڑی میں سوگوار خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔

CamScanner

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔27 | پیر 27 اپریل 2026ء بمطابق 09 ذوالقعدہ 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔114

## وزیراعلیٰ بلوچستان کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رکن قومی اسمبلی میر اعجاز خان جکھرانی کے فرزند، میر زید خان جکھرانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے (بقیہ نمبر 31 صفحہ نمبر 7 پر)

تعزیتی پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یہ ایک نہایت افسوسناک سانحہ ہے اور وہ غم کی اس گھڑی میں سوگوار خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

| شمارہ | MEMBER OF APNS | قیمت | FaX:2839867 | Ph :2830851 | جلد |
|---|---|---|---|---|---|
| 64 | رجسٹرڈ ایل پی-10 | 15روپے | 1447ھ | 10 ذیقعد | 27اپریل2020ء | 29 |


# کتاب گاڑی اور سائنس کی سواری روشن مستقبل کی نئی ضیا ہیں: سرفراز بگٹی

## حکومت تعلیم کے فروغ اور بچوں کو جدید علوم سیکھنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی

## یہ اقدام اسکولوں میں بچوں کے داخلے کی مہم کو موثر انداز میں تقویت دے رہا ہے، پیغام

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان کے دور افتادہ اور تعلیمی سہولیات سے محروم علاقوں میں "کتاب گاڑی" اور "سائنس کی سواری" کے ذریعے علم کی شمعیں روشن کرنے کا ایک منفرد اور موثر اقدام جاری ہے جس کے تحت قریہ قریہ بچوں تک تعلیم کی روشنی کا پہنچایا جا رہا ہے "کتاب گاڑی" اور "سائنس کی سواری" امید کی نئی کرن بن کر سامنے آئی ہیں جن کے باعث بچوں کی تعلیم سے وابستگی میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ یہ منصوبہ ابتدا میں موبائل اسکول کے طور پر شروع کیا گیا تھا، جو اب کتاب گاڑی لائبریری، درس و تدریس کے مراکز اور جدید "سائنس کی سواری" میں تبدیل ہو چکا ہے موبائل سائنس لیب بالخصوص ان علاقوں میں جہاں تعلیمی سہولیات محدود ہیں، سائنسی سوچ، تجسس اور سیکھنے کے جذبے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے اعداد و شمار کے مطابق اس وقت صوبے کے 14 اضلاع میں "کتاب گاڑی" کے منصوبے فعال ہیں جن میں ژوب، قلعہ سیف اللہ، لورالائی، پشین، چمن، کوہلو، سبی، حب، گوادر، جعفرآباد، کچھی، کیچ، جھل مگسی اور نوشکی شامل ہیں۔ جبکہ "سائنس کی سواری" فی الوقت ضلع جعفرآباد میں کامیابی سے کام کر رہی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ایسی کوششیں اور بالخصوص اقدامات بلوچستان کے روشن اور تعلیم یافتہ مستقبل کی مضبوط علامت ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت تعلیم کے فروغ اور بچوں کو جدید علوم سیکھنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس بات پر بھی اطمینان کا اظہار کیا کہ یہ اقدام اسکولوں میں بچوں کے داخلے کی مہم کو موثر انداز میں تقویت دے رہا ہے اور زیادہ سے زیادہ بچوں کو تعلیم کی طرف راغب کر رہا ہے۔

## وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا میر اعجاز خان جکھرانی سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (پ ر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رکن قومی اسمبلی میر اعجاز خان جکھرانی کے فرزند میر [illegible] خان جکھرانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یہ ایک نہایت افسوسناک سانحہ ہے اور وہ غم کی اس گھڑی میں سوگوار خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 9

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 81 — پیر 27 اپریل 2026ء 9 ذوالقعدہ 1447ھ — صفحات 6 — قیمت 20 روپے — شمارہ 116

# صوبائی حکومت تعلیم کے فروغ کیلئے اقدامات جاری رکھے گی

وزیر اعلیٰ بلوچستان

تعلیمی سہولیات سے محروم علاقوں میں " کتاب گاڑی " اور " سائنس کی سواری " کے ذریعے علم کی شمعیں روشن کرنے کا ایک منفرد اور موثر اقدام جاری ہے

**موبائل سائنس لیب بالخصوص ان علاقوں میں جہاں تعلیمی سہولیات محدود ہیں، سائنسی سوچ، تجسس اور سیکھنے کے جذبے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے دور افتادہ اور تعلیمی سہولیات سے محروم علاقوں میں "کتاب گاڑی" اور "سائنس کی سواری" کے ذریعے علم کی شمعیں روشن کرنے کا ایک منفرد اور موثر اقدام جاری ہے جس کے تحت قریہ قریہ بچوں تک تعلیم کی روشنی پہنچائی جا رہی ہے۔ "کتاب گاڑی" اور "سائنس کی سواری" امید کی نئی کرن بن کر سامنے آئی ہیں، جن کے باعث بچوں کی تعلیم سے وابستگی میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ یہ منصوبہ ابتدا میں موبائل اسکولز کے طور پر شروع کیا گیا تھا، جواب چلتی پھرتی لائبریری، درس و تدریس کے مراکز اور جدید "سائنس کی سواری" میں تبدیل ہو چکا ہے موبائل سائنس لیب بالخصوص ان علاقوں میں جہاں تعلیمی سہولیات محدود ہیں، سائنسی سوچ، تجسس اور سیکھنے کے جذبے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے اعداد و شمار کے مطابق اس وقت صوبے کے 14 اضلاع میں "کتاب گاڑی" کے منصوبے فعال ہیں جن میں ژوب، قلعہ سیف اللہ، لورالائی، پشین، چمن، کوئٹہ، لسبیلہ حب، گوادر، جعفر آباد، کچھی، کیچ، جھل مگسی اور نوشکی شامل ہیں۔ جبکہ "سائنس کی سواری" فی الوقت ضلع جعفر آباد میں کامیابی سے کام کر رہی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے تخلیقی اور بامعنی اقدامات بلوچستان کے روشن اور تعلیم یافتہ مستقبل کی مضبوط ضمانت ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت تعلیم کے فروغ اور بچوں کو جدید علوم سیکھنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس بات پر بھی اطمینان کا اظہار کیا کہ یہ اقدام اسکولوں میں بچوں کے داخلے کی مہم کو موثر انداز میں تقویت دے رہا ہے اور زیادہ سے زیادہ بچوں کو تعلیم کی طرف راغب کر رہا ہے۔

## وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا رکن قومی اسمبلی میر اعجاز خان جکھرانی کے فرزند میر زید خان جکھرانی کے انتقال پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رکن قومی اسمبلی میر اعجاز خان جکھرانی کے فرزند میر زید خان جکھرانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ غم کی اس گھڑی میں سوگوار خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں، یہاں جاری کردہ ایک بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے صبر کے لیے دعا گو ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 27 APR 2026 Page No. 10

## معصوم بچے کو نشانہ بنانا خلافِ روایات، حکومت مظلوم کیساتھ کھڑی ہے، ضیا لانگو

**واقعے کی اعلیٰ سطح پر شفاف اور غیر جانبدارانہ انکوائری کرائی جائے گی، صوبائی وزیر داخلہ کی یقین دہانی**

کوئٹہ: وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے مینگل ہاؤس میں میر جمیل مینگل سے ملاقات کی اور سریاب روڈ پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے میں شہید ہونے والے میر جمیل مینگل کے بیٹے ہارون جان مینگل، اور رشتے دار شہید نصیب اللہ مینگل اور شہید عبدالغفار مینگل کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار اور فاتحہ خوانی کیا اس موقع پر قبائلی معززین اور علاقہ عمائدین بھی موجود تھے اس موقع پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے لواحقین سے دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان اس مشکل گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور انہیں ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا واقعے کی اعلیٰ سطح پر شفاف اور غیر جانبدارانہ انکوائری کرائی جائے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی واضح ہدایت ہے کہ اس سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی حکومت مظلوم کے ساتھ اور ظالم کے خلاف کھڑی ہے معصوم بچے کو نشانہ بنانا روایات کے برخلاف ہے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تحقیقات کے عمل کو تیز اور موثر بنایا جائے اس موقع پر میر جمیل مینگل نے صوبائی وزیر داخلہ کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ حکومت کی جانب سے تعاون پر مشکور ہیں۔

## انتظامیہ عوامی مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کرے، نور محمد دمڑ

**ترقیاتی منصوبوں کو بروقت اور شفاف انداز میں مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جاسکے، ڈی سی ہرنائی سے گفتگو**

ہرنائی (نامہ نگار) صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین فوڈ اتھارٹی بلوچستان، حاجی نور محمد خان دمڑ سے ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی نے ملاقات کی ملاقات کے دوران ضلع ہرنائی اور گردونواح میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی مسائل اور ان کے حل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے اس موقع پر کہا کہ حکومت عوامی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے اور ہرنائی سمیت پسماندہ علاقوں کی ترقی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کو بروقت اور شفاف انداز میں مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جاسکے ڈپٹی کمشنر ارشد حسین جمالی نے صوبائی وزیر کو ضلع میں جاری منصوبوں، انتظامی امور اور درپیش چیلنجز کے بارے میں بھی آگاہ کیا اور یقین دہانی کرائی کہ ضلعی انتظامیہ عوامی خدمت کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔ اس موقع پر فوکل پرسن ہرنائی حاجی باز محمد دمڑ، پی ایس ٹو ڈی سی امیر محمد ترین اور عرفان دمڑ بھی موجود تھے۔ انہوں نے بھی علاقے کے مسائل اور ترقیاتی امور پر اپنی آراء پیش کیں اور حکومت کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 27 APR 2026 Page No. 11

# کامیاب آپریشنز کے ذریعے حالات بہتر بنانے کی کوششیں جاری ہیں، صادق عمرانی

## چاغی میں ہونیوالی دہشت گردی افسوسناک، سانحہ نے ملک میں سرمایہ کاری کے ماحول پر گہرا اثر مرتب کیا، صوبائی وزیر ایریگیشن

## حکومت کو نہ صرف دہشتگردوں کے خلاف مؤثر کارروائی بلکہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کی سیکورٹی یقینی بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے

### جب تک صوبے میں پائیدار امن قائم نہیں ہوتا معاشی ترقی اور سرمایہ کاری کے اہداف کا حصول مشکل رہے گا، رہنما پیپلز پارٹی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر ایریگیشن میر صادق عمرانی نے کہا کہ چاغی میں ہونیوالی دہشت گردی نہایت افسوسناک اور قابل مذمت ہے یہ سانحہ نہ صرف انسانی جانوں کے ضیاع کا باعث بنا بلکہ اس نے ملک میں سرمایہ کاری کے ماحول پر بھی گہرے اثرات مرتب کیے ہیں۔ایک بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ چاغی جو معدنی وسائل سے مالا مال علاقہ ہے، غیر ملکی اور مقامی سرمایہ کاروں کیلئے ہمیشہ کشش .........

بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

رکھتا رہا ہے دہشتگردی کے واقعات سرمایہ کاروں کے اعتماد کو متزلزل کرتے ہیں بلوچستان ایک عرصے سے دہشت گردی اور بدامنی کا شکار ہے۔انہوں نے کہا کہ سیکورٹی فورسز دہشت گردوں کیخلاف برسر پیکار ہیں اور متعدد کامیاب آپریشنز کے ذریعے حالات کو بہتر بنانے کی کوششیں جاری ہیں دہشت گرد نیٹ ورکس ابھی مکمل طور پر ختم نہیں ہوئے اور وہ موقع ملنے پر ریاستی رٹ کو چیلنج کرتے ہیں واقعہ میں ایک غیر ملکی کی ہلاکت بھی ہوئی جو بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے تشخص اور سیکورٹی کے حوالے سے سوالات کو جنم دیتی ہے ایسے حالات میں حکومت کو نہ صرف دہشت گردوں کے خلاف فوری اور موثر کارروائی کرنا ہوگی غیر ملکی سرمایہ کاروں اور کارکنوں کی سیکورٹی کو یقینی بنانے کیلئے بھی ٹھوس اقدامات اٹھانا ہوں گے حکومت مربوط حکمت عملی کے تحت دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے فیصلہ کن اقدامات کریں جب تک بلوچستان میں پائیدار امن قائم نہیں ہوتا معاشی ترقی اور سرمایہ کاری کے اہداف کا حصول مشکل رہے گا حکومت دہشتگردوں کیخلاف بلاامتیاز کارروائی کرے اور عوام و سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے کیلئے ٹھوس اور دیرپا سیکورٹی اقدامات کو یقینی بنائے۔

# پیپلز پارٹی عالمی سطح پر بھی فعال کردار ادا کر رہی ہے، علی حسن زہری

### صدر مملکت چین میں قیام کے دوران چانگشا کی صوبائی قیادت سے اہم ملاقاتیں کریں گے، ترجمان

چانگشا چین (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور ترجمان، میر علی حسن زہری نے صدر مملکت آصف علی زرداری کے دورہ چین کے موقع پر اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ صدر آصف علی زرداری چین کے شہر چانگشا پہنچ گئے ہیں، جہاں ان کا پرتپاک استقبال صوبہ ہونان کی عوامی کانگریس کے نائب چیئرمین ہوڑ وفینگ نے کیا۔اس موقع پر پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زائی دونگ اور چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی بھی .........

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

موجود تھے۔میر علی حسن زہری نے کہا کہ صدر زرداری کے ہمراہ ان کے اس اہم دورے میں شرکت کرنا اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت قومی مفادات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ عالمی سطح پر بھی فعال اور متحرک کردار ادا کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ صدر مملکت اپنے قیام کے دوران چانگشا میں صوبائی قیادت سے اہم ملاقاتیں کریں گے، جبکہ وہ شاؤ شان میں ڈی ژونگ ماؤ کی جائے پیدائش اور رہائش گاہ کا بھی دورہ کریں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ اس دورے کے دوران حکومتِ سندھ اور چینی کمپنیوں کے درمیان مختلف معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط متوقع ہیں، جو دونوں ممالک کے درمیان معاشی تعاون کو نئی جہت دیں گے۔

# ملکی استحکام کیلئے علماء و مدارس کی قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں، محمد خان لہڑی

### وطن عزیز کیخلاف کوئی سازش کامیاب نہیں ہونے دیں گے، صوبائی وزیر

### وطن عزیز کی حفاظت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، حافظ ثناء اللہ سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر بلوچستان حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ ملکی استحکام اور دفاع کے لئے علما کرام و دینی مدارس لازوال قربانیوں کو فراموش نہیں کر سکتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمیعت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی رہنماء مولانا حافظ ثناء اللہ سے ملاقات کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ مولانا حافظ ثناء اللہ نے دینی مدارس کو درپیش مسائل کے حوالے سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا .........

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ وطن عزیز کی دفاع اور تحفظ ہم سب کی ذمہ داری ہے وطن کی عزیز کی خلاف کوئی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے انہوں نے کہا کہ علماء کرام اور دینی مدارس نے ہمیشہ وطن عزیز کی دفاع اور سالمیت کے لئے ہر تن قربانیاں دی ہے جمیعت علماء اسلام کے رہنما مولانا حافظ ثنا اللہ نے صوبائی وزیر حاجی محمد خان لہڑی کو وادی کچھ فی کی دورے کا دعوت دی صوبائی وزیر بلوچستان نے قبول کرتے ہوئے کہا کہ بہت جلد وادی کچھ فی کا دورہ کروں گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 27 APR 2026 Page No. 13

# سرکاری محکموں میں حاضری یقینی بنانے کی نگرانی اسپیشل برانچ کے سپرد

**تمام سول محکمے دائرہ کار میں شامل، روزانہ کی بنیاد پر افسران و عملے کی حاضری چیک ہوگی' حکومت کا فیصلہ**

اس عمل میں ایکسین، ایم ایس' ڈی ایچ اوز' ڈی ڈی اوز' ایس ڈی اوز' فیلڈ افسران، فیلڈ سپروائزرز اور نچلے درجے کے ملازمین سب کو شامل کیا جائے گا

**اقدام کا مقصد سرکاری اداروں میں بڑھتی ہوئی غیر حاضری، سستی اور ناقص کارکردگی کو کنٹرول کرنا ہے' ذرائع**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں حکومت بلوچستان نے سرکاری محکموں میں نظم وضبط بہتر بنانے اور غیر حاضری کے مسئلے پر قابو پانے کیلئے ایک اہم اور بڑا فیصلہ کرتے ہوئے اسپیشل برانچ پولیس کو تمام سول سرکاری محکموں کی حاضریوں کی نگرانی کا اختیار دینے کا اصولی فیصلہ کر لیا ہے ذرائع کے مطابق خبر رساں ادارے بی این اے کو بتایا گیا ہے کہ اس فیصلے کے تحت صحت، تعلیم، بی اینڈ آر، میونسپل کارپوریشن، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، اریگیشن، فشریز، زراعت سمیت دیگر تمام سول محکمے اس دائرہ کار میں شامل ہوں گے۔ اس اقدام کا......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

مقصد سرکاری اداروں میں بڑھتی ہوئی غیر حاضری، سستی اور ناقص کارکردگی کو کنٹرول کرنا ہے تاکہ عوام کو بہتر اور بروقت خدمات فراہم کی جا سکیں ذرائع کا کہنا ہے کہ اسپیشل برانچ کے اہلکار روزانہ کی بنیاد پر مختلف محکموں کے دفاتر اور فیلڈ یونٹس کا دورہ کریں گے اور وہاں موجود افسران و عملے کی حاضری چیک کریں گے اس عمل میں ایکسین، میڈیکل سپرنٹنڈنٹس (ایم ایس)، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز (ڈی ایچ اوز)، ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسرز (ڈی ڈی اوز)، سب ڈویژنل آفیسرز (ایس ڈی اوز)، فیلڈ افسران، فیلڈ سپروائزرز اور نچلے درجے کے ملازمین تک سب کو شامل کیا جائے گا مزید بتایا گیا ہے کہ اسپیشل برانچ روزانہ کی بنیاد پر ایک جامع رپورٹ مرتب کرے گی جس میں ہر محکمے کی حاضری، غیر حاضری، تاخیر سے آنے والے ملازمین اور مجموعی کارکردگی کا جائزہ شامل ہوگا۔ یہ رپورٹ براہ راست وزیراعلیٰ بلوچستان کو پیش کی جائے گی، جس کی بنیاد پر متعلقہ افسران کے خلاف کارروائی یا اصلاحی اقدامات کیے جائیں گے

# بی، این 65 کی توسیع کا منصوبہ تکمیل کے مراحل میں' 95 فیصد کام مکمل

**سندھ اور پنجاب کے درمیان سفری وتجارتی روابط مزید مضبوط ہوں گے، عوامی حلقوں کی پذیرائی**

بی (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی خصوصی دلچسپی اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) بلوچستان کی کاوشوں سے قومی شاہراہ این-65 (بولان) کی توسیع کا منصوبہ تکمیل کے قریب پہنچ گیا ہے۔ این ایچ اے حکام کے مطابق منصوبے کا 95 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے جبکہ باقی ماندہ 5 فیصد کام بھی جلد از جلد مکمل کر لیا جائے گا حکام نے میڈیا نمائندگان کو بتایا کہ اس اہم شاہراہ کی توسیع سے نہ صرف کوئٹہ، سبی بلکہ دیگر صوبوں کے......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

علاقوں میں سفری سہولیات بہتر ہوں گی بلکہ اندرون بلوچستان کو سندھ اور پنجاب سے ملانے میں بھی نمایاں آسانی پیدا ہوگی۔ اس منصوبے کی تکمیل کے بعد ٹریفک کی روانی میں بہتری آئے گی اور سفر کا دورانیہ بھی کم ہوگا مقامی تجارتی حلقوں نے اس منصوبے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ این 65-بولان کی توسیع سے کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا، اشیائے ضروریہ کی ترسیل میں بہتری آئے گی اور صوبے کے مختلف علاقوں کے درمیان تجارتی روابط مزید مضبوط ہوں گے عوامی و سماجی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کے حکام کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ محدود وسائل کے باوجود جس تیزی اور پیشہ ورانہ انداز میں اس اہم منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے وہ قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ذاتی دلچسپی اور این ایچ اے حکام کی مسلسل نگرانی اس منصوبے کی بروقت تکمیل میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، جو صوبے کی ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح کے لیے ایک مثبت اور اہم قدم ثابت ہوگا۔

# سرکاری بس کا معاملہ' پرنسپل گرلز کالج بارکھان معطل

**سرکاری وسائل کے غلط استعمال پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی' محکمہ ہائیر ایجوکیشن**

کوئٹہ (آئی این پی) حکومت بلوچستان نے سرکاری بس کے مبینہ غیر قانونی استعمال کے معاملے کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے گورنمنٹ گرلز کالج بارکھان کی پرنسپل کو معطل کر دیا ہے۔ حکام کے مطابق سرکاری بس کے غیر مجاز استعمال کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد محکمہ ہائیر ایجوکیشن نے فوری کارروائی عمل میں لاتے ہوئے متعلقہ پرنسپل کو 90..... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

روز کے لئے معطل کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ سرکاری وسائل کے غلط استعمال پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ محکمہ ہائیر ایجوکیشن بلوچستان نے واقعہ کی مکمل چھان بین کے لئے باقاعدہ انکوائری کا حکم بھی دے دیا ہے۔ حکام کے مطابق تحقیقات مکمل ہونے کے بعد رپورٹ اعلیٰ حکام کو پیش کی جائے گی

# ہر شہری کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائیگا، بابر یوسفزئی

**حکومت نے شہری سے سائبر فراڈ کا نوٹس لے لیا، ملوث افراد کو گرفتار کیا جائیگا**

کوئٹہ (خ ن) معاون برائے داخلہ بابر یوسفزئی نے گزشتہ روز شہری نصیر دوتانی سے ہونے والے ڈیجیٹل فراڈ کا نوٹس لے لیا۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

ہر شہری کی جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے گا اس معاملے کا نوٹس لے لیا ہے اور سائبر کرائم سیل کو بھی آگاہ کر دیا ہے اس فراڈ میں ملوث افراد کو گرفتار کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز نصیر احمد خان دوتانی کے اکاؤنٹ (الائیڈ بینک علمدار روڈ برانچ سے ڈیجیٹل طریقے سے بڑی رقم نکال لی گئی تھی۔

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 27 APR 2026 Page No. 14


## حکومت ملک کی سیکیورٹی مستحکم بنانے کیلئے بھرپور اقدامات کررہی ہے، سیدال ناصر

**وزیراعظم اور سپہ سالار ملک کی معاشی و دفاعی صورتحال کو مضبوط بنانے کیلئے غیر معمولی اقدامات اٹھا رہے ہیں**

کوئٹہ، اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت اتحادی جماعتوں اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر ملک کی معاشی، سیاسی، دفاعی اور سیکیورٹی صورتحال کو مستحکم بنانے، اقتصادی حالات میں بہتری لانے اور قومی استحکام کے فروغ کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے، جبکہ داخلی امن و امان کے قیام کے ساتھ پاکستان عالمی سطح پر امن، سلامتی، بین الاقوامی کشیدگی کے خاتمے اور دہشت گردی کے خلاف موثر کردار ادا کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس سندھ میں گورنر سندھ اور سابق سینیٹر نہال ہاشمی سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں ملکی سیاسی صورتحال، قومی سلامتی، بین الاقوامی امور، بین الصوبائی ہم آہنگی، جمہوریت کے استحکام اور ترقیاتی ترجیحات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور سپہ سالار جنرل سید عاصم منیر ملک کی معاشی، دفاعی صورتحال کو مضبوط بنانے، قومی دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے اور خطے میں امن کے قیام کے لیے غیر معمولی اقدامات اٹھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ۔ایران کشیدگی میں کمی، فریقین کو مذاکرات کی میز پر لانے اور عالمی تنازعات کے حل کے لیے پاکستان کی موثر سفارت کاری کو دنیا بھر میں سراہا جا رہا ہے، جو نہ صرف ملک بلکہ سیاسی و عسکری قیادت کے لیے باعث فخر ہے۔

## حکومت نے گوادر-گبد-ریمدان کوریڈور کی باقاعدہ منظوری دے دی

**گوادر اب سنٹرل ایشیا سے براہ راست جڑ گیا، یہ کوریڈور کم لاگت اور تیز تر تجارت کی سہولت فراہم کرے گا**

گوادر (آن لائن) پاکستان نے ایران کے راستے سنٹرل ایشیا سے جوڑنے والا نیا کوریڈور منظور کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق حکومت پاکستان نے گوادر-گبد-ریمدان (پاک ایران بارڈر) کوریڈور کو باقاعدہ منظوری دے دی ہے۔ اس فیصلے کے تحت SRO 691(I)/2026 جاری کیا گیا ہے جس سے گوادر اب سنٹرل ایشیا سے براہ راست جڑ گیا ہے۔ یہ کوریڈور ایران کے راستے کم فاصلے، کم لاگت اور تیز تر تجارت کی سہولت فراہم کرے گا۔ اس سے پاکستان اور ایران کے درمیان زمینی تجارت بڑھنے کے ساتھ ساتھ گوادر پورٹ کی اہمیت بھی مزید بڑھ جائے گی۔ دوسری جانب گوادر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر جیند ہوت نے اس پیش رفت کو تاریخی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کوریڈور براہ راست ایران سے منسلک ہے اور قانونی تجارت کو فروغ دے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس سے اسمگلنگ میں واضح کمی آئے گی اور مقامی ٹرانسپورٹ، گودام، کلیئرنگ اور فارورڈنگ کے شعبوں میں نئی سرمایہ کاری آئے گی، جس سے ہزاروں نوجوانوں کو روزگار ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ اگر گبد بارڈر کو جدید سہولیات سے آراستہ کر دیا جائے تو یہ بلوچستان سمیت پورے پاکستان کی معیشت کے لیے گیم چینجر ثابت ہو سکتا ہے۔

## قلعہ سیف اللہ میں 113 ایکڑ پر کاشت پوست کی فصل تلف کردی گئی

**آپریشن ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، فرنٹیئر کور اور پولیس کی مشترکہ نگرانی اور تعاون سے انجام دیا گیا**

کوئٹہ (خ ن) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن و دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے منشیات کے خاتمے اور قانون کی عملداری کو یقینی بنانے کے سلسلے میں ایک اہم اور مربوط مشترکہ کارروائی عمل میں لائی گئی۔ یہ آپریشن پولیس، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن فرنٹیئر کور، پولیس کی مشترکہ نگرانی اور تعاون سے انجام دیا گیا، جس کا مقصد علاقے میں غیر قانونی پوست کی کاشت کا خاتمہ تھا۔ کارروائی کے دوران سات نمبر 1 کلی وزیر باتوزئی قلعہ سیف اللہ میں واقع ایک بڑے رقبے پر مشتمل زمین کو ہدف بنایا گیا، جہاں تقریباً 113 ایکڑ اراضی پر غیر قانونی طور پر پوست کی فصل کاشت کی گئی تھی۔ محکمہ ایکسائز کے افسران نے کہا کہ مذکورہ فصل کی آبپاشی کے لیے ڈیم کے پانی کو بطور ذریعہ استعمال کیا جا رہا تھا، جس سے کاشت کو مسلسل برقرار رکھا گیا۔ مشترکہ ٹیم نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے موقع پر پہنچ کر پیشہ ورانہ حکمت عملی کے تحت پورے علاقے کا محاصرہ کیا اور جدید آلات کے استعمال سے فصل کو مکمل طور پر تلف کر دیا۔ اس موقع پر ETO قلعہ سیف اللہ ارباب علی نے کہا کہ منشیات کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت ایسی کارروائیاں آئندہ بھی تسلسل کے ساتھ جاری رکھی جائیں گی، تاکہ معاشرے کو منشیات کی لعنت سے پاک کیا جا سکے اور قانون کی بالادستی کو ہر صورت یقینی بنایا جا سکے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No 2

Dated: 27 APR 2026 Page No. 18


# کروڑوں روپے کی بے قاعدگی، کسٹمز انفورسمنٹ کوئٹہ کے افسران کے گرد گھیرا تنگ

## کسٹمز چیف آفیسر باسط مقصود عباسی کی جانب سے بنائی گئی 3 رکنی کمیٹی نے کوئٹہ پہنچ کر تحقیقات شروع کر دی

کراچی (رپورٹ: خالد جاوید) کسٹمز انفورسمنٹ کوئٹہ کے افسران جو ضبط شدہ 16 کروڑ سے زائد مالیت کی چاندی خرد برد کرنے میں ملوث ہیں ان کے خلاف FIA اور کسٹمز انفورسمنٹ اسلام آباد کے چیف کسٹمز انفورسمنٹ آفیسر باسط مقصود عباسی کی جانب سے بنائی گئی 3 رکنی کمیٹی نے کوئٹہ پہنچ کر چاندی کی چوری میں ملوث کسٹمز افسران کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا ہے۔ چیف کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ اسلام آباد باسط مقصود عباسی کے مطابق اس 3 رکنی کمیٹی کی سربراہ کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ پشاور عائشہ والی ہیں جبکہ کمیٹی میں ایڈیشنل کلکٹر کسٹمز حیدر آباد احمد راجپر اور ایڈیشنل کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ لاہور ایلیان ورک بھی شامل ہیں جو کوئٹہ میں ہونے والی 400 کلوگرام چاندی کی برآمدگی کے لیے کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ کرم الٰہی، طارق حسین، سمیع اللہ اور گرفتار اپریزر عارف علی بھالی کا بیان قلمبند کر کے اور تمام حقائق کی ایک ایک چیز سے تفصیل کر کے اس چوری میں سب سے بڑا کردار کون ہے کی مکمل تفصیل آئندہ چند دنوں میں چیف کلکٹر کسٹمز اسلام آباد

بقیہ نمبر 39 صفحہ 5 پر

کو پیش کر دی جائے گی جس کے بعد اس چوری میں ملوث افسران اور اہلکاروں کو گرفتار کر کے ان کے چہروں کو بے نقاب کیا جائے گا چاندی چوری کیس میں مزید انکشافات بھی منظر عام پر آ جائیں گے۔

# پولیو مہم، بلوچستان میں 26 لاکھ 21 ہزار بچوں کو ویکسین دی گئی

## ملک کے تمام علاقوں میں پولیو ویکسی نیشن کی شرح اوسط سے بلند رہی، قومی ایمرجنسی آپریشن سینٹر کی رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) قومی ایمرجنسی آپریشن سنٹر نے دوسری قومی انسداد پولیو مہم کی رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ کے مطابق ملک کے تمام علاقوں میں پولیو ویکسی نیشن کی شرح اوسط سے بلند رہی، مہم میں 4 کروڑ 40 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین فراہم کی گئی، ویکسی نیشن ٹیموں نے وفاقی اور صوبائی سطح پر 99 فیصد گھروں تک رسائی حاصل کر لی، گھر گھر ویکسین فراہم کرنے کیلئے

بقیہ نمبر 47 صفحہ 5 پر

4 لاکھ فرنٹ لائن ورکرز کو متحرک کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب میں 2 کروڑ 30 لاکھ، سندھ میں 1 کروڑ 4 لاکھ بچوں کو ویکسین دی گئی، خیبر پختونخوا میں 72 لاکھ 35 ہزار، بلوچستان میں 26 لاکھ 21 ہزار بچوں کو ویکسین دی گئی، اسلام آباد میں 4 لاکھ 41 ہزار، گلگت بلتستان میں 2 لاکھ 92 ہزار بچوں کو ویکسین لگی۔ رپورٹ کے مطابق آزاد کشمیر میں 7 لاکھ 17 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے گئے، پولیو ویکسین سے انکار کے واقعات میں 20 فیصد کمی آئی، پولیو مہم کے دوران کمیونٹی میں انکار کی شرح 0.1 فیصد سے کم رہی، محروم رہ جانے والے بچوں تک گھر گھر جا کر دوبارہ رسائی ممکن بنائی گئی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 2 Dated. 27 APR 2026 Page No. 16

## CSA میں تاریخ رقم، بلوچستان سے افسر سالار لودھی نے صداقی گولڈ میڈل جیت لیا



[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 27 APR 2026 Page No. 17


## بلوچستان میں بدامنی غلط پالیسی و حکمت عملی کا نتیجہ ہے، مالک بلوچ

بلوچستان کی حقیقی قیادت کیخلاف مصنوعی لیڈر شپ لاکر جمہوری عمل کو سبوتاژ کیا، بلوچ سماج کو آگ و خون میں دھکیلا گیا

امن کیلئے غلطیوں کا سلسلہ بند، گفت و شنید کا راستہ اپنا کر قومی مفاہمتی کمیشن تشکیل دیا جائے، سینیٹر جان محمد بلیدی

تربت (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور سابق مرکزی سکرٹری جنرل سینیٹر جان محمد بلیدی نے تحصیل تمپ اور تربت آپسر کے کونسل سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی حقیقی (قوم پرست قیادت کے خلاف مصنوعی لیڈر شپ لاکر سیاسی و جمہوری عمل کو سبوتاژ کر کے بلوچ سماج کو آگ و خون میں دھکیل دیا۔ بلوچستان میں جاری بدامنی غلط ریاستی ......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

پالیسی اور حکمت عملی کا نتیجہ ہیں۔ بلوچستان میں امن وامان کے لیے ضروری ہے کہ غلطیوں کا سلسلہ بند کیا جائے اور قومی مفاہمتی پالیسی کے تحت گفت و شنید کا راستہ اپنایا کر قومی مفاہمتی کمیشن کی تشکیل کی جائے۔ بلوچستان کی حقیقی سیاسی جماعتوں اور قوتوں کے سیاسی اسپیس کو بحال کر کے مذاکرات و گفت وشنید کا راستہ اپنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی سماج میں جاری انتشار، تشدد اور جاری دہشتگردی کے خلاف ہے قانون کی حکمرانی اور پارلیمنٹ کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ساحل و وسائل حق اختیار بلوچستان کے عوام کا ہے۔ سیاسی اور جمہوری عمل میں ریاستی مداخلت بند کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا مسئلہ قومی اور سیاسی ہے اس کا حل بھی سیاسی ہوسکتا ہے طاقت کا غیر ضروری استعمال ریاست اور بلوچ عوام کے درمیان موجود خلیج میں مزید اضافے کا سبب بن سکتا ہے وقت و حالات کا تقاضہ ہے کہ طاقت کے استعمال سے اجتناب کیا جائے اور سیاسی و جمہوری عمل پر یقین کیا جائے اور مصنوعی لیڈر شپ پیدا کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے۔ اجلاس سے ڈاکٹر نور زمان، جسٹس رشکیل احمد، وحید حمل بلوچ، فدا حسین دشتی، یونس جاوید، سرتاج گچکی جنرل سیکرٹری، بہار بلوچ، چیئرمین امین قریش، مسلم یعقوب، جہانگیر جنرل سکریٹری اور دیگر نے خطاب کیا۔

## منظم منصوبہ بندی کے تحت پشتونوں پر روزگار کے دروازے بند ہیں، اے این پی

مسائل حکومت کی چھتری تلے سرزد ہو رہے ہیں مائنز اینڈ منرل ایکٹ پشتون، بلوچ اقوام سے منہ کا نوالہ چھیننے کی کوشش ہے، اصغر خان اچکزئی

صوبے میں منشیات کی کاشت زراعت کو نیست و نابود اور نوجوانوں کو اس ناسور میں مبتلا کرنے کی گہری سازش ہے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس کوئٹہ پریس کلب میں زیر صدارت صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی منعقد ہوا جس میں ملکی سیاسی صورتحال صوبے کے حالات تنظیمی و پارلیمانی امور سے متعلق تفصیل سے غور و خوض ہوا اجلاس میں مائنز اینڈ منرلز ایکٹ سے پیدا شدہ صورت حال، خود ساختہ بدامنی، مسلط کردہ انتہاء پسندی دہشت گردی ڈیورنڈ لائن پر پشتون افغان تجارت کی......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

بندش اور آمد و رفت رشتہ داریوں پر قدغنیں، قومی شاہراہوں کی عدم تکمیل غیر محفوظ سنگل شاہراہوں پر سیکورٹی کے نام پر چیک پوسٹوں پر پشتون بلوچ اقوام کی توہین و تضحیک، صوبہ بھر میں منشیات کی بڑے پیمانے پر کاشت اور اس کے نتیجے میں نوجوان نسل کی اس میں مبتلا ہونا، گرینڈ الائنس کے مطالبات کی حمایت پشتو بلوچی براہوی ہزارگی اکیڈمیوں کی سرکاری تحویل میں لینے کی مذمت، سیاسی کارکنوں کی گرفتاریاں انہیں فورتھ شیڈول میں رکھنے بالخصوص سے این پی کے صوبائی ترجمان ولی داد میانی کو فورتھ شیڈول میں رکھنے جیسے ظالمانہ قوانین، صوبہ بھر میں مسلح جتھوں کی بھرمار، خود ساختہ مہنگائی بالخصوص پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ، بے روزگاری، افغان کڈوال کیساتھ غیر انسانی سلوک اس کی آڑ میں پشتونوں کی تجارت روزگار پر قدغن، سولر سسٹم پر بے تحاشا ٹیکس لگانے، حالیہ طوفانی باد و باراں کے نتیجے میں زمینداروں اور زراعت کو پہنچنے والے شدید نقصانات سمارٹ لاک ڈاؤن کے نفاذ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ مذکورہ بالا مسائل حکومت کی چھتری تلے سرزد ہو رہے ہیں مائنز اینڈ منرل ایکٹ پشتون 'بلوچ اقوام کے بچوں کی منہ سے نوالہ چھیننے کی کوشش ہے جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جائیگا

## نظام کی تبدیلی حقوق و ظلم کیخلاف جدوجہد جاری رہے گی، مولانا ہدایت الرحمن

بلوچستان کے مسائل اجاگر کرنے والی سب سے بڑی جماعت ہماری ہے ہر طبقہ اس میں شمولیت اختیار کرے، صوبائی امیر

بارڈرز بندش، بیروزگاری، بدامنی کیخلاف جماعت اسلامی کی مہم صوبے بھر میں جاری ہے، گوادر میں دعوتی کیمپ سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ جبری گمشدگیوں، بارڈر بندش، غربت بے روزگار، بدامنی اور بدعنوانی کے خلاف جماعت اسلامی کا "بدلو نظام کو، حق دو بلوچستان کو" مہم صوبہ بھر میں جاری ہے عوام طلبہ اور علماء کرام سمیت ہر طبقہ کے لوگ حقوق کے حصول ترقی امن اور خوشحالی کیلئے جماعت اسلامی میں شامل ہو کر ممبر شپ......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

اختیار کریں جماعت اسلامی ملک کی سب سے بڑی مذہبی، جمہوری اور سیاسی جماعت ہے بلوچستان کے مسائل کو سب سے زیادہ جماعت اسلامی نے پارلیمنٹ کے اندر و باہر اجاگر اور حل کی کوشش کی ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملا فاضل چوک گوادر میں جماعت اسلامی گوادر کے زیر اہتمام بدل دو نظام ممبر سازی مہم کے سلسلے میں منعقدہ دعوتی کیمپ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے ممبر سازی کیمپ میں مزید کہا کہ نظام کی تبدیلی حقوق کے حصول اور ظلم و جبر کے خلاف جدوجہد جاری رہے گی۔ عوام کی خدمت کیلئے دن رات ایک کریں گے کرپشن خور کرو ڈانہ کسی کو کرنے دونگا احتساب کیلئے ہر وقت تیار ہوں۔ دعوتی مہم میں نوجوان طلباء و خواتین جماعت اسلامی کی ممبر سازی کریں جماعت اسلامی میں شمولیت اختیار کریں۔ جماعت اسلامی ملک کی واحد جماعت ہے جو اللہ کے دین کا غلبہ نظام کی تبدیلی کیساتھ اقامت دین کی جدوجہد بھی کر رہی ہے، خلق خدا کی ہمہ جہت خدمت بھی کر رہی ہے اور بچوں کو تعلیم کے زیور سے بھی آراستہ کر رہا ہے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 27 APR 2026 Page No. 18

## دالبندین: مسلح افراد نے ریسٹ ہاؤس اور تھانہ کو آگ لگادی

**ریسٹ ہاؤس کا سامان اور تھانہ ریکارڈ جل کر خاکستر، فورسز کا سرچ آپریشن جاری**

دالبندین (نامہ نگار) پاک ایران شاہراہ این چالیس ضلع چاغی کے علاقے یک مچ میں نامعلوم مسلح افراد نے گزشتہ شب ریسٹ ہاؤس اور پولیس تھانے پر حملہ ......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

کیا اور آگ لگادی، جس کے نتیجے میں ریسٹ ہاؤس مکمل طور پر جل کر خاکستر ہوگیا جبکہ تھانے کو جزوی نقصان پہنچا۔ تفصیلات کے مطابق آگ لگنے سے ریسٹ ہاؤس کے اندر موجود تمام سامان جل کر خاکستر ہوگیا، جبکہ پولیس تھانے کا ریکارڈ بھی جل گیا۔

## کوئٹہ: جوئے کے اڈے کے چھاپے، 12 قمار باز گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے جوئے کے اڈے کے چھاپہ مار کر 12 جواریوں کو گرفتار کرکے داؤں پر ہزاروں روپے برآمد کرکے آلات قمار بازی قبضے میں لے لئے ایس ڈی پی او کینٹ اور سول لائن کی نگرانی میں ایس ایچ اوز تھانہ کینٹ کی اور دیگر علاقوں میں قمار بازی کے اڈوں پر چھاپہ مار جس میں اسٹیڈیم کے قریب جوئے کھیلنے والے 12 ملزمان کو حراست میں لیکر ان کے قبضے سے تیرہ ہزار روپے اور آلات قمار بازی قبضے میں لیکر مقدمہ درج کرلیا۔

## کوئٹہ: چرس برآمد، ملزم گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بروری پولیس نے چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ڈی ایس پی صدر سرکل شوکت جدون کی ہدایت پر ایس ایچ او نصیب ناصر نے کارروائی کرتے ہوئے 5 کلو چرس برآمد ملزم کو گرفتار کرلیا اس کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کردی۔

Century Express Quetta

## لورالائی پولیس نے کالعدم تنظیم کے دو سہولت کار گرفتار کر لئے

**21 مخالفین کے قتل کا اعتراف، چار افراد کو میگنٹ بم سے نشانہ بنانے کا انتظار کر رہے تھے**

**بھاری اسلحہ دھماکہ خیز مواد برآمد، کالعدم تنظیم کو اسلحے کی سپلائی میں بھی ملوث ہیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) لورالائی پولیس نے دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بنادیا بم دھماکوں اور ٹارگٹ کلنگ کے ذریعے اپنے مخالفین کو نشانہ بنانے والے گروہ کے دو اہم (باقی صفحہ 5 نمبر 25)

کارندوں کو گرفتار کر کے اسلحہ اور بھاری مقدار میں دھماکہ خیز مواد قبضے میں لے لیا گرفتار ملزمان کالعدم تنظیم کو اسلحہ کی سپلائی میں بھی ملوث ہیں۔ 21 مخالفین کو قتل کرنے کا اعتراف کرلیا۔ ملزمان سی ٹی ڈی کو بھی متعدد مقدمات میں مطلوب ہیں۔ لورالائی پولیس ذرائع کے مطابق لورالائی سٹی پولیس کیا ایگل اسکواڈ کے جوان گزشتہ روز تھانے کے قریب ہی معمول کی گشت کر رہے تھے کہ سڑک کنارے ایک موٹر سائیکل پر سوار دو مشکوک افراد کو کھڑے دیکھ کر ان کی تلاشی لی تو ان سے اسلحہ اور بم برآمد ہوا جنہیں گرفتار کر کے تھانے منتقل کیا ابتدائی تفتیش میں گرفتار ملزمان سید محمد لونی اور سعید افغانی نے بتایا کہ وہ اپنے چار مخالفین جو عدالت میں پیشی کیلئے گئے ہوئے ہیں ان کو میگنٹ بم کے ذریعے نشانہ بنانے کیلئے انتظار کر رہے تھے پولیس نے ملزمان کے اس انکشاف کے بعد ڈی آئی جی لورالائی حیدر شیخ اور ایس ایس پی ڈاکٹر فہد احمد کو آگاہ کیا جس پر افسران بھی تھانے پہنچ گئے ذرائع نے بتایا کہ ملزمان نے مزید بتایا کہ اپنے مخالفین کو میگنٹ بموں اور ٹارگٹ کلنگ کے ذریعے نشانہ بناتے ہیں اب تک 21 مخالفین کو قتل کر چکے ہیں ملزمان نے مزید بتایا کہ ان کے والد کو 2025 میں سی ٹی ڈی لورالائی نے گرفتار کر کے ڈیڑھ کروڑ مالیت کا اسلحہ قبضے میں لیا تھا ان کا گروہ کالعدم تنظیم کو اسلحے کی سپلائی بھی کرتا ہے پولیس افسران ملزمان سے مزید تفتیش کر رہے ہیں۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ گرفتار ملزمان سے دو جدید کے کے رائفل، دھماکہ خیز مواد اور میگنٹ بم اور 2 رہ 7 نڈز برآمد ہوئے ہیں، جبکہ ملزمان سی ٹی ڈی کو بھی مطلوب ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:

Bullet No 5 | Dated 26 APR 2026 | Page No 19


## مشرقی بائی پاس میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ جاری، صارفین پریشان

### سب ڈویژن اہلکاروں پر اختیارات کے ناجائز استعمال اور میٹر بلیک میلنگ کے الزامات، حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) مشرقی بائی پاس پشتون آباد سب ڈویژن کے مختلف فیڈرز، خصوصاً پشتون آباد فیڈر پر مبینہ طور پر ناجائز اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف علاقہ مکینوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ متاثرہ شہریوں کا کہنا ہے کہ طویل اور غیر متوقع بجلی بندش نے معمولات زندگی کو بری طرح متاثر کر دیا ہے، جس کے باعث گھریلو، تعلیمی اور مذہبی سرگرمیاں بھی شدید متاثر ہو رہی ہیں۔ علاقہ مکینوں نے الزام عائد کیا ہے کہ سب ڈویژن کے متعلقہ افسران، جن میں ایس ڈی او داود خروٹی اور لائن سپرنٹنڈنٹ عاصم شامل ہیں، اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے مختلف فیڈرز پر غیر ضروری لوڈشیڈنگ کروا رہے ہیں۔ شہریوں کے مطابق بعض مقامات پر بغیر کسی پیشگی اطلاع کے رات کے اوقات میں بجلی منقطع کر دی جاتی ہے، جس سے سکیورٹی کے مسائل بھی جنم لے رہے ہیں۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ بعض اہلکاروں کی جانب سے لوڈشیڈنگ کے نام پر صارفین سے مبینہ طور پر اضافی رقوم طلب کی جاتی ہیں، جبکہ انکار کی صورت میں مخصوص علاقوں کی بجلی منقطع کر دی جاتی ہے۔ اس صورتحال کے باعث شہریوں میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے اور وہ خود کو عدم تحفظ کا شکار محسوس کر رہے ہیں۔ علاقہ مکینوں نے اس امر پر بھی تشویش کا اظہار کیا کہ بجلی کی غیر اعلانیہ بندش کے باعث بزرگ افراد، بالخصوص معذور اور فجر کی نماز کے لیے مساجد جانے میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جبکہ طلبہ کی تعلیمی سرگرمیاں بھی متاثر ہو رہی ہیں۔ اہالیان علاقہ نے کیسکو حکام، صوبائی حکومت اور متعلقہ منتخب نمائندوں سے پرزور اپیل کی ہے کہ صورتحال کا فوری نوٹس لیا جائے، الزامات کی شفاف انکوائری کرائی جائے اور اگر کوئی اہلکار قصوروار ثابت ہو تو اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ساتھ ہی انہوں نے مطالبہ کیا کہ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ فوری بند کیا جائے تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ ہو سکے۔

## خضدار سبزی منڈی سے زیرو پوائنٹ تک شمسی اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب کا مطالبہ

خضدار (ڈسٹرکٹ رپورٹر) خضدار کے عوامی و سماجی حلقوں نے خضدار نئی سبزی منڈی سے زیرو پوائنٹ تک قومی شاہراہ پر شمسی اسٹریٹ لائٹس کی فوری تنصیب کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق خضدار نئی تا زیرو پوائنٹ کے مقام تک قومی شاہراہ پر رات کی تاریکی میں اکثر حادثات رونما ہوتے ہیں۔ لائٹس سے ڈرائیورز کو بہتر حد نگاہ ملے گی اور روشنی کی موجودگی سے چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم کی حوصلہ شکنی ہوگی۔ شمسی لائٹس سے خضدار جو بلوچستان کا دوسرا بڑا شہر ہے اس کی رونق اور ماحول بہتر ہوگا۔ خضدار کی آبادی لاکھوں میں ہے اور ٹریفک کا نظام بھی متاثر ہو رہا ہے، ان کی تنصیب سے لائٹس کا انتظام بہتر ہوگا۔ خضدار کے شہریوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکریٹری بلوچستان، کمشنر قلات ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر خضدار سے اپیل کی ہے کہ عوام کے اس دیرینہ مطالبے کو منظور کر کے نئی تا زیرو پوائنٹ خضدار تک فوری شمسی اسٹریٹ لائٹس لگائی جائیں۔ یہ منصوبہ نہ صرف جانی و مالی تحفظ دے گا بلکہ خضدار کو ایک محفوظ اور خوبصورت شہر بنانے میں بھی مددگار ہوگا۔ شمسی لائٹس ہونے سے بجلی کے بل کا بوجھ بھی نہیں پڑے گا اور علاقہ کی خوبصورتی میں اضافہ ہونے کے ساتھ روشنی کی بدولت حادثات اور چوری ڈکیتی چھیننا جھپٹی میں کمی واقع ہوگی۔

## کوہلو: مچھروں کی بہتات، ملیریا کی وباء پھیلنے کا خدشہ

### ملیریا کنٹرول پروگرام غیر فعال، ڈپٹی کمشنر کوہلو سمیت دیگر حکام اس جانب توجہ مبذول کریں، عوامی حلقوں کا مطالبہ

کوہلو (نامہ نگار) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں مچھروں کی بڑھتی ہوئی افزائش کے باعث ملیریا پھیلنے کا خدشہ شدت اختیار کر گیا ہے، جبکہ ملیریا کنٹرول پروگرام غیر فعال دکھائی دے رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پی آر ایس پی کے تحت چلنے والا ملیریا کنٹرول پروگرام عملاً نظروں سے اوجھل ہے۔ کوہلو شہر اور اس کے گردونواح میں مچھروں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس کے باعث عوام میں تشویش پائی جاتی ہے کہ کہیں یہ صورتحال جان لیوا مرض ملیریا کے پھیلاؤ کا سبب نہ بن جائے۔ عوامی اور سماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر کوہلو، عظیم جان دومڑ سے اپیل کی ہے کہ وہ اس مسئلے کا فوری نوٹس لیں اور ملیریا کنٹرول پروگرام کو فعال بنا کر مچھروں کی افزائش روکنے کے لیے ہنگامی اقدامات کیے جائیں، تاکہ کسی ممکنہ وباء سے بروقت بچاؤ ممکن ہو سکے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 27 APR 20[illegible]

Page No. 20


## پنجگور شدید گرمی میں طویل لوڈشیڈنگ معمولات زندگی متاثر عوام بلبلا اٹھے

**ساری ساری رات بجلی غائب رہتی ہے، پانی کی قلت پیدا ہوگئی، لوڈشیڈنگ کے دورانیے میں کمی کی جائے، سماجی حلقوں کا حکام سے مطالبہ**

پنجگور (نمائندہ انتخاب) پنجگور میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ اور پوری رات بجلی غائب ہونے سے گرمی کے موسم میں شہریوں کو مشکلات کا سامنا تفصیلات کے مطابق پنجگور سمیت مکران کو ایران سے بجلی سپلائی کی جاری ہے مگر پورے مکران میں بجلی کی طویل ترین لوڈشیڈنگ کی جاری ہے صرف چھ سے سات گھنٹے بجلی سپلائی کی جاتی ہے جبکہ پوری رات بجلی غائب ہونے سے شہریوں کی نیندیں حرام ہوگئی ہیں لوگ مجبور ہوکر گھروں کے صحن میں سوتے ہیں مگر ہوائی فائرنگ سے ناخوشگوار واقعات کا خدشہ رہتا ہے بجلی کی طویل بندش سے معمولات زندگی درہم برہم ہوکر رہ گئے ہیں جبکہ پانی کی بھی قلت پیدا ہوگئی ہے عوامی حلقوں نے ارکان اسمبلی سے اپیل کی کہ پنجگور میں بجلی کے بحران کا نوٹس لیتے ہوئے لوڈشیڈنگ کے اوقات میں کمی کی جائے۔

## تربت سے رات کے اوقات میں سفری پابندی ختم کرنیکا مطالبہ

**کراچی جانے والی مسافر بسوں پر پابندی کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے**

تربت (این این آئی) تربت سے کراچی جانے والی مسافر بسوں پر گزشتہ ایک سال سے رات کے اوقات میں عائد سفری پابندی کے باعث شہریوں، مریضوں اور ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ عوامی حلقوں نے اس اقدام پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ عوامی حلقوں

بقیہ نمبر 38 صفحہ 6 پر

[illegible] ختم کیا جائے تاکہ عوام [illegible] غیر ضروری مشکلات سے بچایا جاسکے۔

## چاغی، بی آئی ایس پی آن لائن سروے سسٹم کی بندش، خواتین پریشان

**کئی مہینوں سے رقم کی وصولی نہیں ہو رہی، چاغی میں سینٹر بحال کیا جائے، متاثرہ خواتین**

چاغی (نامہ نگار) چاغی بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے آن لائن سروے سسٹم کی بندش سے غریب خواتین سخت پریشان، چاغی بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے آن لائن سینٹر کے سروے سسٹم کو جلد بحال کیا جائے۔ چاغی کی غریب مستحق خواتین چاغی سے 65 کلومیٹر سفر کرکے آن لائن سروس کے اندراج کے لیے دالبندین جاتی ہیں جہاں کئی کئی گھنٹے خواتین کو انتظار کرنا پڑتا ہے۔ اس شدید گرمی میں غریب خواتین کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ چاغی کی خواتین کئی دن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینٹر کا چکر کاٹنے پر مجبور ہیں۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت مستحق خواتین نے کہا کہ آن لائن سروس کی جانچ پڑتال کے نام پر کئی خواتین کے سروے رد ہوگئے ہیں، کئی مہینوں سے رقم کی وصولی نہیں ہو رہی، جس کی وجہ سے غریب خواتین سخت پریشان ہیں۔ چاغی کے عوامی حلقوں نے بینظیر انکم سپورٹ بلوچستان کے حکام سے اپیل کی ہے کہ چاغی سینٹر کے آن لائن سسٹم کو جلد بحال کیا جائے، تاکہ چاغی میں غریب خواتین کا آن لائن سروے کیا جاسکے۔

## کوئٹہ اسٹیورٹ روڈ بلوچ کالونی میں صفائی کی ناگفتہ بہ صورتحال

کوئٹہ (پ ر) اسٹیورٹ روڈ بلوچ کالونی و ملحقہ گلیوں میں صفائی کی ناگفتہ بہ صورتحال جا بجا کوڑا کرکٹ کے ڈھیر لگ گئے اہل علاقہ محسن خان ایڈووکیٹ، ملک عرفان علی، حافظ فیضان اور سفیان خان نے بتایا کہ پرائیویٹ پبلک پارٹنرشپ سے قبل عملہ صفائی روزانہ کی بنیاد پر گلیوں کی صفائی کرتے تھے لیکن عملہ صفائی مین روڈ پر صفائی کرکے چلا جاتا ہے جبکہ ملحقہ گلیاں بلوچ کالونی ودیگر میں کئی کئی روز عملہ صفائی غائب رہتا ہے انہوں نے ایڈمنسٹریٹر سے اپیل کی کہ اسٹیورٹ روڈ بلوچ کالونی میں روزانہ کی بنیاد پر صفائی کے احکامات جاری کیے جائیں۔

## کلی گل محمد میں تعمیر پارک تباہی سے دوچار، حکام توجہ دیں، اہل علاقہ

کوئٹہ (پ ر) اہلیان کلی گل محمد نے چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ، وزیراعلیٰ، صوبائی محتسب اعلیٰ اور مشیر مالیات سے اپیل کی ہے کہ ایئرپورٹ روڈ کلی گل محمد میں 20 کروڑ روپے کی لاگت سے پارک تعمیر ہوا، نایاب پودے، درخت اور گھاس لگائی گئی مگر کچھ ہی عرصے میں یہ پارک تباہی کے دہانے پہنچ گیا۔ حالانکہ صوبائی حکومت نے پارک کی ذمہ داری میٹروپولیٹن کارپوریشن کے حوالے کی تھی جو کہ اپنے فرائض کی ادائیگی میں ناکام ہوگیا اور پارک تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا ہے۔ اہل علاقہ نے مطالبہ کیا کہ پارک کی حالت کا نوٹس لیتے ہوئے ازسرنو تزئین و آرائش کی جائے۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

MEEZAN QUETTA

Bullet

Dated: 27 APR 2026 Page No. 21


# بلوچستان میں امن استحکام اور ہمہ جہت ترقی کے فروغ کیلئے گرینڈ جرگہ!

گزشتہ روز گوادر میں بلوچستان میں امن واستحکام اور ہمہ جہت ترقی کے فروغ کے حوالے سے گرینڈ جرگہ منعقد ہوا جس میں گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل ،وزیراعلیٰ بلوچستان میرسرفراز بگٹی ،کورکمانڈر کوئٹہ اور جی اوسی گوادر نے شرکت کی۔جرگہ میں قبائلی عمائدین ،منتخب نمائندگان ،ضلعی انتظامیہ،سیکیورٹی اداروں،تاجر برادری،ماہی گیرنمائندوں اور سول سوسائٹی کے افراد کی بڑی تعداد شریک ہوئے۔جہاں بلوچستان کی مجموعی صورتحال،خصوصاً مکران ڈویژن اور گوادر کی ترقی سے متعلق اہم نکات زیر بحث آئے۔جرگے سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میرسرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ حکومت بلوچستان صوبے کے ہر ضلع میں ترقیاتی کے عمل کو تیز کررہی ہے اور گوادر کو خصوصی حیثیت دی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچ نوجوانوں کو لاحاصل جنگ میں دھکیلا گیا جس سے انہیں دور رکھنے کے لیے تعلیم اور مثبت سرگرمیوں کو فروغ دینا ناگزیر ہے۔انہوں نے گوادر پورٹ کی کامیابی کے لیے سیکیورٹی فورسز اور عوام کے باہمی تعاون کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ گوادر میں جاری منصوبے جن میں سڑکوں کی تعمیر،پانی کی فراہمی،تعلیم اور صحت کے منصوبے شامل ہیں عوامی فلاح وبہبود کے لیے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ گوادر میں بلوچستان میں امن،استحکام اور ہمہ جہت ترقی کے فروغ کے حوالے سے منعقد ہونے والے گرینڈ جرگے میں گورنر،وزیراعلیٰ،کورکمانڈر بلوچستان سمیت قبائلی عمائدین منتخب نمائندگان،ضلعی انتظامیہ،سیکیورٹی اداروں،تاجر برادری ،ماہی گیرنمائندوں اور سول سوسائٹی کے افراد کی بڑی تعداد میں شریک ہونا قابل تعریف اقدام ہے جس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ موجودہ حکومت تمام سٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لے کر صوبے میں امن استحکام اور ہمہ جہت ترقی کے فروغ کیلئے کوشاں ہے۔جہاں تک صوبے کے ہر ضلع میں ترقیاتی عمل کو تیز کرنے کی بات ہے تو اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کیونکہ جب سے میرسرفراز بگٹی نے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالا ہے وہ صوبے کے ہر ضلع میں ترقیاتی کام کروارہے ہیں۔انہوں نے اس دوران نئے اضلاع بھی بنائے ہیں۔وہ یہ کام تمام صوبے میں کام کررہے ہیں انہوں نے اس سلسلے میں یہ امتیاز نہیں رکھا کہ ان اضلاع کے منتخب نمائندے کس پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں۔تمام منتخب نمائندوں کو پراپر ان کا فنڈ جاری کیا جاتا ہے جوکہ اس سے قبل اکثر حکومتیں مبینہ طور پر نہیں کررہی تھیں وہ حزب اختلاف کی پارٹیوں کے نمائندوں سے امتیازی سلوک رکھتے ہیں اور اکثر اپوزیشن اراکین اسمبلی کو یہ شکایت رہتی تھی کہ ان کو فنڈز جاری نہیں کیے جارہے۔اس طرح موجودہ حکومت گوادر کی ترقی کے لیے اسے خصوصی حیثیت دے رہی ہے کیونکہ اس وقت گوادر کو ایک نمایاں مقام حاصل ہوچکا ہے اب حکومت کیا اس کی جانب مزید توجہ دینا قابل تعریف اور گوادر اوران کے عوام کے بہترین مفاد میں اقدام ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 27 APR 2026

Page No. 23

# غذائی نظام کے قیام میں ویٹرنری ماہرین کی خدمات اہمیت کی حامل ہیں

**وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ورلڈ ویٹرنری ڈے کے موقع پر ویٹرنری ماہرین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ویٹرنری شعبہ**

انسانی و حیوانی صحت کے باہمی ربط کو مضبوط بنانے میں بنیادی کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت عامہ کے فروغ اور محفوظ غذائی نظام کے قیام میں ویٹرنری ماہرین کی خدمات نہایت اہمیت کی حامل ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں لائیو اسٹاک کے شعبے کو مضبوط بنا کر ویکسین کی مقامی تیاری کی جانب پیش رفت جاری ہے، جس سے نہ صرف بیماریوں پر قابو پانے میں مدد ملے گی بلکہ خود انحصاری کو بھی فروغ حاصل ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ لائیو اسٹاک سیکٹر کی بہتری اور پیداوار میں اضافے کے لیے جدید اصلاحاتی پالیسیاں متعارف کروائی جا رہی ہیں انہوں نے موسمیاتی تغیرات کے تناظر میں مویشیوں کی مقامی نسلوں کے تحفظ کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس حوالے سے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے لائیو اسٹاک فارمز کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے جبکہ زرعی پالیسی کے تحت لائیو اسٹاک کی ویلیو ایڈیشن اور برآمدات کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ گوشت اور دودھ کی معیاری پیداوار کے لیے ویٹرنری لیبارٹریز کو اپ گریڈ کیا جا رہا ہے اور اینٹی مائیکروبیل ریزسٹنس جیسے چیلنج سے نمٹنے میں ویٹرنری ماہرین کا کردار انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ زرعی سیکٹر میں خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے حکومتی سطح پر عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مویشی پال حضرات کو گھر کی دہلیز پر سہولیات فراہم کرنے کے لیے موبائل ویٹرنری سروسز کو وسعت دی جا رہی ہے جبکہ زونوٹک بیماریوں کی نگرانی اور بروقت تشخیص کے لیے جدید ڈیجیٹل نظام متعارف کرایا گیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں مال مویشیوں کی مقامی نسلوں کا جینیاتی تحفظ صوبے کی معیشت اور ثقافت کے لیے نہایت اہم ہے اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے انسداد ملیریا کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ملیریا ایک مہلک مگر قابل علاج بیماری ہے، جس کے خاتمے کے لیے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ حکومت اور عوام کو مل کر اس بیماری کے خلاف مؤثر اقدامات اٹھانا ہوں گے تاکہ ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل ممکن بنائی جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے ملیریا کی بروقت تشخیص اور مؤثر علاج کے لیے مفت سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ صوبائی حکومت کی جانب سے ملیریا کی بروقت تشخیص اور مؤثر علاج کے لیے مفت سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ وہ ان سہولیات کی فراہمی کو مزید بہتر اور مؤثر بنائیں تاکہ دور دراز علاقوں کے عوام بھی اس سے بھرپور استفادہ حاصل کر سکیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ملیریا سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کریں، اپنے اردگرد صفائی کا خاص خیال رکھیں اور کھڑے پانی کے خاتمے کو یقینی بنائیں، کیونکہ یہ بیماری کے پھیلاؤ کا بنیادی سبب بنتا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے ہر شہری کی صحت کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری اور ترجیح ہے، اور اس مقصد کے حصول کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ ای

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 Dated 27 APR 2026 Page No. 04

# Reconciliation over confrontation

The deepening unrest and persistent instability in Balochistan have reached a critical juncture, requiring a fundamental shift in state policy. National Party President and former Chief Minister, Dr. Abdul Malik Baloch, has correctly pointed out that the province's grievances cannot be quelled through the exercise of power alone. Instead, the solution lies in a genuine process of dialogue and a policy anchored in political reconciliation. For too long, the state has relied on a security-centric approach that has often bypassed the political leadership and the aspirations of the local population, leading to a cycle of violence that shows no signs of abating.

A significant part of the problem lies in the erosion of democratic institutions. Dr. Malik's critique of the current parliamentary setup highlights a troubling reality: elected representatives often find themselves marginalized in a "lifeless institution" where their voices carry little weight. When the mandates of political and nationalist parties are not respected, it creates a dangerous political vacuum. This sense of exclusion is exacerbated by what is perceived as an inappropriate attitude from the federation and federal institutions toward the province. The violation of the sanctity of the public vote and the perceived interference in the electoral process only serve to deepen the sense of deprivation among the people of Balochistan, further alienating them from the center.

The consequences of this ongoing unrest are not merely political; they are profoundly economic. Balochistan is a land rich in mineral resources hosting world-class deposits of copper, gold, and rare earth elements yet it remains the most underdeveloped province in Pakistan. International investors are understandably hesitant to commit capital to a region where security risks are high and local consent is missing. This instability acts as a major hurdle not only for the development of the province but for the economic future of the entire country. The "resource curse" can only be broken if the people of Balochistan feel they are partners in development rather than subjects of extraction. It is essential that the government acknowledges that the use of force is further aggravating an already volatile situation. A military-first strategy may offer tactical gains but fails to address the underlying structural injustices, missing persons, and economic marginalization. To achieve long-lasting peace, the federal government must initiate a credible and inclusive dialogue with all stakeholders. Respecting the political mandate of local parties and ensuring that development funds actually reach the common man are the first steps toward rebuilding trust. Peace in Balochistan is not just a provincial requirement; it is a national necessity for a stable and prosperous Pakistan.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 Dated: 27 APR 2026 Page No. 05

## علم کی روشنی: بلوچستان میں ”کتاب گاڑی“ اور ”سائنس کی سواری“ کا سفر

**تحریر، رخشندہ صباء**

بلوچستان کے وسیع و عریض جغرافیے میں جہاں کئی علاقے آج بھی بنیادی تعلیمی سہولیات سے محروم ہیں، وہاں علم کی روشنی پہنچانا ہمیشہ ایک بڑا چیلنج رہا ہے۔ دشوار گزار راستے، دور دراز بستیاں اور محدود وسائل تعلیم کے فروغ میں رکاوٹ بنتے رہے ہیں۔ تاہم حالیہ دنوں میں ایک ایسا منفرد اور مؤثر اقدام سامنے آیا ہے جس نے اس چیلنج کو ایک موقع میں بدلنے کی کوشش کی ہے۔ ”کتاب گاڑی“ اور ”سائنس کی سواری“ اسی سوچ کی عملی تعبیر ہیں، جو قریہ قریہ جا کر بچوں تک تعلیم کی روشنی پہنچا رہی ہیں۔

یہ منصوبہ محض ایک تعلیمی سرگرمی نہیں بلکہ امید کی ایک کرن ہے۔ ابتدا میں موبائل اسکولز کے طور پر شروع ہونے والا یہ سلسلہ اب چلتی پھرتی لائبریریوں، تدریسی مراکز اور جدید موبائل سائنس لیبارٹریز میں تبدیل ہو چکا ہے۔ ”کتاب گاڑی“ بچوں کو کتابوں سے جوڑ رہی ہے، جبکہ ”سائنس کی سواری“ انہیں سائنسی تجربات، مشاہدے اور تجسس کی دنیا سے روشناس کروا رہی ہے۔ ان اقدامات کے باعث نہ صرف بچوں کی تعلیم سے وابستگی میں اضافہ ہوا ہے بلکہ سیکھنے کا شوق بھی نمایاں طور پر بڑھا ہے بالخصوص وہ علاقے جہاں اسکولوں کی کمی یا وسائل کی قلت ہے، وہاں موبائل سائنس لیب ایک انقلابی قدم ثابت ہو رہی ہے۔ یہ لیب بچوں کے اندر سائنسی سوچ کو فروغ دینے، سوال کرنے کی عادت پیدا کرنے اور عملی سیکھنے کے مواقع فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ تعلیم کو کتابوں سے نکال کر تجربے اور مشاہدے تک لے جانا ہی دراصل جدید تعلیم کی روح ہے، اور یہی اس منصوبے کی اصل کامیابی ہے۔

اعداد و شمار اس پیش رفت کی واضح تصویر پیش کرتے ہیں۔ اس وقت صوبے کے 14 اضلاع — ژوب، قلعہ سیف اللہ، لورالائی، پشین، چمن، کوئٹہ، لسبیلہ، حب، گوادر، جعفرآباد، کچھی، کیچ، جھل مگسی اور نوشکی — میں ”کتاب گاڑی“ کے منصوبے فعال ہیں، جبکہ ”سائنس کی سواری“ فی الحال ضلع جعفرآباد میں کامیابی سے جاری ہے۔ یہ وسعت اس بات کی غماز ہے کہ حکومت اس ماڈل کو بتدریج پورے صوبے تک پھیلانے کی جانب گامزن ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ان اقدامات کو صوبے کے روشن اور تعلیم یافتہ مستقبل کی مضبوط ضمانت قرار دیا ہے۔ ان کا یہ کہنا بجا ہے کہ ایسے تخلیقی اور بامقصد منصوبے نہ صرف تعلیمی خلا کو پُر کرتے ہیں بلکہ ایک نئی نسل کو بااختیار بنانے کا ذریعہ بھی بنتے ہیں۔ حکومت کا یہ عزم کہ تعلیم کے فروغ اور جدید علوم تک رسائی کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا، اس بات کی علامت ہے کہ یہ اقدامات وقتی نہیں بلکہ ایک دیرپا حکمت عملی کا حصہ ہیں یہ منصوبہ اسکولوں میں داخلہ مہم کو بھی مؤثر انداز میں تقویت دے رہا ہے۔ جب بچے تعلیم کو دلچسپ اور قابل رسائی پاتے ہیں تو ان کا رجحان خود بخود اسکول کی جانب بڑھتا ہے۔ یہی وہ پہلو ہے جو کسی بھی تعلیمی اصلاح کو پائیدار بناتا ہے۔

اگر ان اقدامات کو تسلسل، وسعت اور مؤثر نگرانی کے ساتھ جاری رکھا جائے تو بعید نہیں کہ بلوچستان کے وہ علاقے، جو کبھی تعلیمی پسماندگی کی علامت سمجھے جاتے تھے، مستقبل میں علم و آگہی کے مراکز بن جائیں۔ ”کتاب گاڑی“ اور ”سائنس کی سواری“ دراصل صرف منصوبے نہیں بلکہ ایک خواب کی تعبیر ہیں — ایک ایسے بلوچستان کا خواب، جہاں ہر بچہ سیکھنے کا حق رکھتا ہو اور ہر بستی علم کی روشنی سے منور ہو۔